**20.08.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں اسلم بیگ

Music

..................................................................................

- ☆ بھارت اور ملیشیا نے اپنے تعلقات کو جامع دفاعی شراکت داری تک توسیع دی ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ دونوں ملکوں کے درمیان تجارت اب، اپنی اپنی کرنسیوں میں کی جائے گی۔
- ☆ بھارت اور جاپان نے نئی دلّی میں دو جمع دو وزارتی مذاکرات کے دوران دو طرفہ تعاون کا جائزہ لیا۔
- ☆ سپریم کورٹ نے کولکاتہ آبروریزی اورقتل کی شکار لڑکی کا نام، تصویریں اور ویڈیو کلپس، سوشل میڈیا پلیٹ فارم سے ہٹانے کا حکم دیا ہے۔ عدالت نے میڈیکل پیشہ ور افراد کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے ٹاسک فورس قائم کی ہے۔
- ☆ یو پی ایس سی نے حکومت کی طرف سے ہدایات جاری کیے جانے کے بعد، افسر شاہی میں lateral entry سے متعلق اشتہار منسوخ کر دیا ہے۔
- ☆ ملک میں انٹرنیٹ subscribers کی تعداد 95 کروڑ سے زیادہ ہوگئی ہے۔ ٹیلیفون subscribers کی تعداد تقریباً ایک ارب 20 کروڑ ہوگئی ہے۔
- ☆ اور...... بھارت کے محکمۂ موسمیات نے اگلے دو دن کے دوران شمال مشرقی بھارت میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

..................................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### ***Rev. Malaysia PM***

بھارت اور ملیشیا نے اپنی وسیع جامع شراکت داری کو بڑھا کر جامع اہم شراکت داری کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ دونوں ملکوں نے لیبر اور روزگار، آیوروید اور روایتی ادویہ، ڈیجیٹل ٹیکنالوجیوں، ثقافت، سیاحت اور نوجوانوں اور کھیل کود میں تعاون کے شعبوں میں سمجھوتوں پر دستخط کئے ہیں۔ بھارت اور ملیشیا نے سرکاری انتظامیہ، حکمرانی کی اصلاحات اور باہمی تعاون کے شعبے میں بھی سمجھوتوں پر دستخط کئے۔ اِن سمجھوتوں پر وزیر اعظم نریندرمودی اور ملیشیا کے اُن کے ہم

منصب انور ابراہیم کے درمیان نئی دلّی میں وفد کی سطح کی بات چیت کے بعد بات چیت کے بعد دستخط کئے گئے۔

ایک مشترکہ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ دونوں فریق، بھارت کی UPI کو ملیشیا کے PAY-NET کے ساتھ منسلک کرنے پر کام کریں گے۔

انھوں نے کہا کہ بھارت اور ملیشیا کے درمیان اب تجارت کا حساب کتاب بھارتی روپے یعنی INR اور ملیشیائی Ringgits یعنی MYR میں کیا جاسکتا ہے۔

S/B 2100 PM Modi On Trade

جناب مودی نے کہا کہ دونوں ملکوں نے دفاعی شعبے میں باہمی تعاون کے نئے امکانات پر بھی تبادلۂ خیال کیا۔

S/B 2100 PM Modi On Terrorism

وزیر اعظم نے کہا کہ ملیشیا، آسیان اور بھارت-بحرالکاہل خطے میں بھارت کا ایک اہم شراکت دار ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت، 2025 میں، ملیشیا کی آسیان کی کامیاب صدارت کی مکمل حمایت کرے گا۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ملیشیا کے وزیر اعظم نے کہا کہ بہت سے ایسے شعبے ہیں جنہیں فریقین کو مزید وسعت دینے کی ضرورت ہے۔

S/B 2100 Malayseian Anwar

ملیشیا کے وزیر اعظم نے آج شام راشٹرپتی بھون میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سے ملاقات کی۔

اخبار نویسوں کو تفصیلات بتاتے ہوئے وزارت خارجہ میں سکریٹری (مشرق) جے دیپ مجمدار نے کہا کہ فریقین نے باہمی مفاد کے مختلف معاملات پر وسیع تبادلۂ خیال کیا۔

S/B 2100 Jaideep Majumdar

## ***President Malaysia PM***

ملیشیا کے وزیراعظم Dato Seri Anwar Bin Ibrahim نے آج راشٹرپتی بھون میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سے ملاقات کی۔ ملیشیا کے وزیر اعظم کے طور پر بھارت کے پہلے دورے کیلئے جناب ابراہیم کا خیرمقدم کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ جمہوریت، کثیرجہتی ثقافت، تکثیریت اور باہمی احترام کی ایک جیسی شاندار اقدار، بھارت اور ملیشیا کے تعلقات کیلئے رہنمائی کا منبع رہی ہیں۔

صدر جمہوریہ نے اِس بات پر خوشی کا اظہار کیا کہ دونوں فریقوں نے اپنی شراکت داری کو اہم جامع شراکت داری بناکر بھارت-ملیشیا تعلقات کو مزید وسعت دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ دونوں ملک تعاون کے مختلف شعبوں میں اِس کے نفاذ کیلئے ایک فعال لائحہ عمل کیلئے کام کر رہے ہیں۔

صدر جمہوریہ مرمو نے مزید کہا کہ بھارت، ''عالمِ جنوب'' میں، ملیشیا کو ایک مضبوط شراکت دار سمجھتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ملیشیا، آسیان میں بھارت کیلئے ایک کلیدی شراکت دار بھی ہے نیز مشرق نواز پالیسی اور بھارت-بحرالکاہل وژن میں ایک اہم ملک ہے۔ 2025 میں ملیشیا کے ذریعے آسیان کی صدارت حاصل کرنے کیلئے

نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے اعادہ کیا کہ بھارت، ملیشیا کے ساتھ کام کرنا جاری رکھے گا اور ایک پرامن نیز خوشحال بھارت-بحرالکاہل خطے کے مشترکہ مقاصد کی حصولیابی میں ہر طرح کا تعاون فراہم کرے گا۔x

## Rev India Japan 2+2

بھارت اور جاپان نے آج نئی دلّی میں دو جمع دو وزارتی مذاکرات کے دوران دو طرفہ تعاون کا جائزہ لیا۔ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ اور وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر، جاپان کے وزیر دفاع کیہارا مِنورُو اور وزیر خارجہ محترمہ یوکو کامی کاوا نے میٹنگ میں حصہ لیا۔

میٹنگ کے دوران وزراء نے دونوں ممالک کے درمیان سرگرمیوں میں مزید اضافے کے اقدامات کا جائزہ لیا۔ انھوں نے باہمی مفاد کے علاقائی اور عالمی معاملات پر تبادلۂ خیال بھی کیا۔

میٹنگ کے نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا کہ دونوں ملکوں نے ستمبر 2022 میں ٹوکیو میں منعقدہ پچھلی میٹنگ سے اب تک خاطر خواہ پیش رفت کی ہے۔

انھوں نے کہا کہ بہت سے معاملات میں نتائج، امید سے بھی زیادہ برآمد ہوئے ہیں۔ جناب سنگھ نے کہا کہ یہ دونوں ملکوں کے وزراء دفاع کے درمیان عمدہ تعاون کی وجہ سے ممکن ہوا ہے۔ جناب سنگھ نے کہا کہ بھارت- جاپان شراکت داری، بھارت- بحر الکاہل خطے میں امن و استحکام کیلئے اہم ہے۔ انھوں نے کہا کہ آج کی میٹنگ میں دونوں ملکوں نے ایک دوسرے کی کوششوں کو حمایت دینے کے عزم کا اظہار کیا ہے تاکہ خطے میں استحکام اور سلامتی کو فروغ دیا جاسکے اور بامعنی نتائج حاصل کیے جاسکیں۔

S/B: Raj Nath Singh- Defence

ایک پریس میں وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا کہ دفاع اور سلامتی سے متعلق اِس میٹنگ میں وسیع اور نتیجہ خیز نظریات کا اظہار کیا گیا۔

انھوں نے کہا کہ آج کے دو جمع دو مذاکرات، ایک ایسا موقع تھا کہ جب تعلقات کا جائزہ لیا گیا اور مزید تعاون سے اتفاق کیا گیا۔

ڈاکٹر جے شنکر نے اعلان کیا کہ بھارت Fuku oka میں دونوں ملکوں کے درمیان، عوام سے عوام کے مابین رشتوں کو فروغ دے گا۔ انھوں نے کہا کہ بھارت اور جاپان دہشت گردی، اور خاص طور پر سرحد پار سے کی جانے والی دہشت گردی کی روک تھام کے تئیں پُر عزم ہیں۔

S/B: S Jaishankar - Terrorism

## SC Kolkata Murder Case

سپریم کورٹ نے میڈیکل پیشہ ور افراد کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے ایک قومی ٹاسک فورس قائم کی ہے۔

بھارت کے چیف جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ کی قیادت میں ایک بینچ نے، کولکاتہ کے ایک اسپتال میں ایک ڈاکٹر کی آبروریزی اور قتل کیس کی سماعت کرتے ہوئے، ٹاسک فورس کو ہدایت دی کہ وہ اپنی عبوری رپورٹ، تین ہفتے

کے اندر اندر اورحتمی رپورٹ، دو مہینے کے اندر اندر پیش کرے۔

چیف جسٹس نے کہا کہ عدالت، ایک قومی ٹاسک فورس تشکیل دے رہی ہے، جو پورے ملک کے ڈاکٹروں پر مشتمل ہوگی۔ یہ ٹاسک فورس، خواتین کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے ایسے طور طریقوں کی سفارش کرے گی، جنہیں ملک گیر سطح پر اپنایا جائے گا۔

پورے ملک میں ڈاکٹرس اورطبی پیشہ ور افراد کے، کام کاج کے غیر محفوظ ماحول پر گہری تشویش ظاہر کرتے ہوئے عدالت نے کہا کہ موجودہ قوانین سے، ڈاکٹروں کی ادارہ جاتی حفاظت کے تقاضے پورے نہیں ہوتے۔ عدالت نے کہا کہ اُس نے کولکاتہ میں R.G. Kar میڈیکل کالج اسپتال میں ایک ڈاکٹر کی آبروریزی اورقتل کے بارے میں از خود کارروائی شروع، تاکہ نظام سے متعلق مسائل کوحل کیا جاسکے۔

سپریم کورٹ نے زور دے کر کہا کہ اب نظام میں تبدیلی لائی جائے اِس کیلئے ملک، آبروریزی اورقتل کے کسی اور واقعے کا انتظار نہیں کرسکتا۔ x

## Govt Internet User

حکومت نے کہا ہے کہ مالی سال 2023-24 میں سات اعشاریہ تین کروڑ انٹرنیٹ Subscribers اور سات اعشاریہ سات کروڑ براڈ بینڈ Subscribers کا اضافہ ہوا ہے۔ مواصلات کی وزارت نے بتایا ہے کہ اس مدت کے دوران ملک میں تین کروڑ ٹیلیفون Subscribers کا اضافہ ہوا ہے اور اب یہ تعداد ایک ارب 20 کروڑ تک پہنچ گئی ہے۔

بھارت کی ٹیلی کام ریگولیٹری اتھارٹی کی سالانہ رپورٹ کے مطابق انٹرنیٹ Subscribers کی مجموعی تعداد تقریباً 88 کروڑ سے بڑھ کر 95 اعشاریہ 4 کروڑ ہوگئی، جبکہ براڈ بینڈ Subscribers کی تعداد 84 اعشاریہ 6 سے بڑھ کر 92 اعشاریہ 4 کروڑ تک پہنچ گئی ہے۔ اس طرح مالی سال 2023-24 کے دوران بھارت کے ٹیلی کام شعبے میں قابل ذکر ترقی ہوئی۔

ٹرائی نے کہا ہے کہ مجموعی آمدنی بھی سال 2022-23 میں تقریباً دو لاکھ 50 ہزار کروڑ سے بڑھ کر سال 2023-24 میں تقریباً دو لاکھ 70 ہزار 500 کروڑ روپے ہوگئی۔ x

## Govt Lateral Entry

یونین پبلک سروس کمیشن UPSC نے آج عملے اور تربیت کے محکمے کی طرف سے ہدایات جاری کیے جانے کے بعد افسر شاہی میں lateral entry سے متعلق اشتہار منسوخ کر دیا ہے۔

UPSC نے حال ہی میں مرکزی وزارتوں میں 45 جوائنٹ سکریٹریز، ڈائریکٹرز اور ڈپٹی سکریٹریز کے تقرر سے متعلق ایک اشتہار جاری کیا تھا، جس پر اپوزیشن پارٹیوں نے سوال اٹھایا تھا۔ اس سے پہلے دن میں حکومت نے UPSC سے کہا تھا کہ وہ یہ اشتہار منسوخ کر دے۔

عملے اور تربیت کے محکمے کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جیتندر سنگھ نے UPSC کی چیئرپرسن پریتی سودن کو ایک خط

لکھا تھا، جس میں کہا گیا تھا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کا یہ پختہ یقین ہے کہ lateral entry کا عمل، آئین، خاص طور پر ریزرویشن سے متعلق شقوں میں بیان کیے گیے برابری اور سماجی انصاف کے اصولوں کے مطابق ہونا چاہیے۔

وزیر موصوف نے کہا کہ وزیر اعظم کیلئے، سرکاری ملازمت میں ریزرویشن، حکومت کے سماجی انصاف کے فریم ورک کا ایک اہم حصہ ہے، جس کا مقصد دیرینہ ناانصافی کو دور کرنا اور سب کی شمولیت کو فروغ دینا ہے۔

اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے اِس معاملے پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعظم، ہمیشہ ہی سماجی انصاف میں یقین رکھتے ہیں اور اُن کے پروگراموں سے سماج کے کمزور ترین طبقوں کی فلاح کو وسعت ملی ہے۔x

## ***J&K Notification***

جموں وکشمیر میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کی کارروائی آج سے شروع ہوگئی ہے۔ پہلے مرحلے میں پلوامہ، اننت ناگ، شوپیاں، کُلگام، رام بن، کشتواڑ اور ڈوڈا ضلعوں کے 24 اسمبلی حلقوں میں 18 ستمبر کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ بھارتی انتخابی کمیشن کے اعلان نامے کے مطابق، امیدوار 27 اگست تک ان حلقوں کیلئے کاغذاتِ نامزدگی جمع کراسکتے ہیں۔ ان کاغذات کی جانچ 28 اگست کو، کی جائے گی۔ نام واپس لینے کی آخری تاریخ 30 اگست ہے۔x

## ***Prez Geoscience Award***

صدرجمہوریہ دروپدی مرمو نے ملک کے پیشگوئی کرنے والے نظام کو خامیوں سے پاک اور زیادہ درست بنانے کی ضرورت پر زور دیا ہے تاکہ قدرتی آفات کی وجہ سے ہونے والے جانی نقصانات کو کم کیا جا سکے۔ آج راشٹرپتی بھون میں قومی جیو سائنس ایوارڈس عطا کرنے کے بعد اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے ملک کے مختلف حصوں میں مٹی کے تودے کھسکنے اور سیلاب جیسی قدرتی آفات سے ہونے والے جانی نقصان کا ذکر کیا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ زمینی تودے کھسکنے کے بارے میں پیشگوئی کرنے والا مرکز، کولکاتہ میں قائم کیا جا رہا ہے تاکہ مٹی کے تودے کھسکنے کے اندیشے والی تمام ریاستوں کے لیے پہلے سے وارننگ بلیٹن جاری کیا جا سکے۔

S/B: Prez Murmu on Early Warning

صدر جمہوریہ نے 12 زمروں میں 21 جیو سائنس دانوں کو نیشنل جیو سائنس ایوارڈز عطا کیے۔ x

## ***IMD Weather***

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے اگلے دو دن کے دوران شمال مشرقی بھارت میں بہت شدید سے انتہائی شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ میں بہت شدید سے انتہائی شدید بارش ہوسکتی ہے۔ مغربی بنگال، بہار، جھارکھنڈ اور اڈیشہ سمیت ملک کے مشرقی حصوں میں بھی اگلے کچھ دنوں میں شدید بارش کا امکان ہے۔ x

## Bangladesh Protests

بنگلہ دیش میں وزارتِ تعلیم نے ہائر سیکنڈری سٹرفکیٹ HSC اور اُس کے مساوی تمام بقایا امتحانات کو منسوخ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ فیصلہ اُن سیکڑوں طالب علموں کے مطالبے کے جواب میں کیا گیا ہے جنھوں نے سکریٹیریٹ پر دھاوا بول دیا تھا۔ بنگلہ دیش کی یونائیٹڈ نیوز، UNB نے خبر دی ہے کہ Inter-Education Board Coordination Committee کے سربراہ پروفیسر Tapan کمار سرکار نے آج تیسرے پہر اخبار نویسوں کو بتایا کہ یہ تفصیلات، کہ کس طرح امتحانات کے نتائج کو شائع کیا جائے گا، آئندہ ایک یا دو دن میں فراہم کی جائیں گی۔x

## Srilanka MoU

بھارت کی کمپنی 'پیٹرونیٹ LNG لمیٹڈ' اور کولمبو میں بنیادی ڈھانچے کی ترقی اور مائع قدرتی گیس کی فراہمی کیلئے سری لنکا میں قائم ایک نجی کمپنی کے درمیان ایک مفاہمت نامے پر دستخط کئے گئے۔ بجلی اور توانائی کے سری لنکا کے وزیر Kanchana Wijesekara اور بھارت کے نائب ہائی کمشنر ڈاکٹر Satyanjal پانڈے کی موجودگی میں مفاہمت نامے پر دستخط کئے گئے۔ یہ سمجھوتہ پائیدار توانائی کی پیداوار کے تئیں اِس ملک کی کاوشوں کو اہم رفتار بخشے گا۔ مفاہمت نامے کے تحت، کولمبو کے نزدیک Kerawalapitiya کے مقام پر ایک ہزار میگاواٹ سے زیادہ صلاحیت کے ساتھ LNG پر مبنی بجلی کے پلانٹوں کی فروغ کی راہ ہموار ہوگی۔ اسی کے ساتھ ساتھ، اِس سے کوچی LNG ٹرمنل سے ایندھن کی فراہمی بھی ہوگی۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب Wijesekara نے بحران کے دوران سری لنکا کی مدد کرنے کیلئے بھارت کا شکریہ ادا کیا۔x

## Nepal Project

سرحد پار کی تجارت کیلئے بھارت کی نامزد اتھارٹی نے، نیپال میں 12 ہائیڈرو پاور پروجیکٹوں سے اضافی 251 میگاواٹ بجلی کی برآمد کی منظوری دی ہے۔ پہلی مرتبہ، نیپال کے وسط مدتی بجلی کی فروخت کے سمجھوتے کے ذریعے، بہار کو بجلی برآمد کرے گا۔ اس کے ساتھ ہی مجموعی اجازت شدہ 16 پروجیکٹوں سے 690 میگاواٹ بجلی کی فراہمی بڑھ کر 28 پروجیکٹوں سے 941 میگاواٹ ہوگئی ہے۔ یہاں تک کہ اِس 251 میگاواٹ منظوری سے قبل بھی، نیپال بجلی کا ایک نیٹ برآمدکار رہ چکا ہے اور اُس نے پچھلے مالی سال میں 16 اعشاریہ نو تین ارب نیپالی روپئے کی آمدنی حاصل کی ہے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆